## سوال

ہم بستری کا مسئلہ

## جواب

کن ایام میں بیوی سے ہم بستری کرنا منع ہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سوال : سال کے وہ کون کون سے دن یا راتیں ہیں جن میں بیوی سے ہم بستری مکروہ، حرام یا غیر مناسب ہے ؟جو ہونے والے بچے کے لیے نقصان دہ ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جواب بیوی کے ساتھ ہم بستری کرنا شرعی طور پر پورے سال کے تمام دنوں اور راتوں میں جائز ہے، کسی دن اس کی ممانعت نہیں ہے، ہاں البتہ اگر آپ نے روزہ رکھا ہوا ہو تو اس روزے کی وجہ سے دن کو ہم بستری کرنا ممنوع ہے ۔ باقی رہا بچے کو نقصان کے حوالے سے تو وہ آپ کسی مستند ڈاکٹر سے رابطہ کریں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث